© rasailojaraid.com

ہمیشہ بڑی قدر کی نگاہ سے دیکھی گئی ہے، یہ کتاب چار اجزاء پر منقسم ہے جن میں علی الترتیب عبادات، معاملات، مہلکات، اور منجیات (یعنی زندگی کو تباہ کرنے والی اور نجات دینے والی چیزیں) پر بحث کی گئی ہے، ان میں سے ہر جز دس ابواب پر مشتمل ہے، پیشِ نظر کتاب اس کتاب کے پہلے جزء کے دوسرے باب کا انگریزی ترجمہ ہے جس میں عقائد کے ارکان پر گفتگو کی گئی ہے، یہ باب چار فصول پر مشتمل ہے فصل اول میں کلمۂ تشہد میں جو دو جگہ لفظ اشہد آتا ہے اس کی تشریح و تفصیل ہے، دوسری فصل میں اس بات کا بیان ہے کہ ایک انسان میں عقیدہ کی پختگی کس طرح اور کیوں کر پیدا کی جا سکتی ہے، باقی دو فصلوں میں خدا کی ذات و صفات اور پیغمبری کی اہمیت و ضرورت اور اُس کی خصوصیات پر گفتگو ہے، ترجمہ کی خوبی اور عمدگی کے لئے فاضل مترجم کا نام کافی ضمانت ہے، پھر یہ فقط ترجمہ نہیں بلکہ جا بجا نہایت مفید اور معلومات افزا حواشی بھی ہیں، اس طرح یہ بڑی بات ہوئی کہ جو انگریزی داں عربی سے واقف نہیں ہیں وہ بھی امام غزالی کے علوم و معارف سے ایک گونہ استفادہ کر سکتے ہیں، امید ہے اربابِ ذوق اس کی قدر کریں گے،

پیغمبرِ انسانیت: از مولانا شاہ محمد جعفر پھلواروی، تقطیع متوسط، ضخامت ۶۲۰ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت مجلد عـــہ روپے:- پتہ:- ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ پاکستان، لاہور۔

گذشتہ چند برسوں میں اُردو زبان کے ہی اندر اندر سیرتِ نبوی پر چھوٹی بڑی سیکڑوں کتابیں شائع ہو چکی ہیں اُن میں زیرِ تبصرہ کتاب ایک عمدہ اضافہ ہے، مولانا پھلواروی کہنہ مشق صاحبِ قلم اور پختہ ادیب ہیں، اسی لئے کتاب کو پڑھ کر واقعات کے علم کے ساتھ دل پر اثر بھی ہوتا ہے، موصوف نے صرف واقعات بیان کرنے پر اکتفا نہیں کیا بلکہ اُن سے نتائج بھی اخذ کئے ہیں اور کہیں کہیں روایات کی خاص نوعیت پر کلام بھی کیا ہے، اگر حوالے بھی ہوتے تو زیادہ بہتر ہوتا، بہرحال موجودہ حالت میں یہ کتاب اس لائق ہے کہ اسکولوں یا کالجوں کے نصابِ درس میں شامل ہو،

انڈونیشیا: از جناب شاہد حسین صاحب رزاقی: تقطیع متوسط، ضخامت ۴۴۸ صفحات کتابت و طباعت بہتر، قیمت عـــہ روپیہ۔ پتہ:- ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ، کلب روڈ، لاہور۔

انڈونیشیا ہمارا پڑوسی ملک ہے، اس کے باوجود ہم لوگ اس ملک کے حالات سے بہت کم

© rasailojaraid.com